# ‘شہری’

## اور

# کمیونٹی پولیسنگ کمیٹی

شہری

شہریوں کے لیے
ایک بہتر ماحول

اس میں کوئی شک نہیں کہ شہریوں کا ایک چھوٹا سا گروہ
جو شعور رکھتا ہو، وہ یقیناً دنیا کو بدل سکتا ہے......

مارگریٹ میڈ

For More Information Contact:
**SHEHRI-CBE**
206-G, Block-2, P.E.C.H.S., Karachi-75400
Tel: 453 06 46 Fax: 92-21-453 06 46
E-mail address: shehri@onkhura.com
(web site) URL: http//www.shehri.org

شہریوں کے لیے ایک بہتر ماحول

# کمیونٹی پولیسنگ کمیٹی

## تعارف

شہری سی۔ پی۔ ای اور جناب ڈی۔ آئی۔ جی (آپریشن) طارق جمیل صاحب کی کاوشوں سے ایک کمیٹی کا قیام 12 اگست 2003ء کو ہوا۔ اس کمیٹی کا مقصد صرف اور صرف علاقے کے رہائش پذیر لوگوں اور پولیس کے درمیان فاصلے اور غلط فہمیوں کو دور کرنا اور یکجہتی کا احساس پیدا کرنا ہے۔ تاکہ باہمی تعاون سے جرائم میں کمی لائی جاسکے۔ شہری سی۔ پی۔ ای کی ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ شہر کراچی اور اس کے مکینوں کے لئے بہتری پیدا کی جائے جو کہ ان کا بنیادی حق ہے۔ فیروز آباد تھانہ جو کہ ماضی میں صرف رہائشی علاقے پر مشتمل تھا۔ لیکن موجودہ دور میں شہر کی بدلتی ہوئی صورتحال نے اس علاقے کو ایک بڑے تجارتی مرکز میں تبدیل کر دیا ہے اور یوں اب اس تھانے کی ذمہ داریوں میں بے پناہ اضافہ ہوگیا ہے، لیکن اس اضافہ کے ساتھ تھانے کا بنیادی ڈھانچہ اور نفری وہی ہے، جو کہ علاقے میں جرائم کی روک تھام کے لئے ناکافی ہے۔

فیروز آباد تھانہ یونین کونسل 6 اور 7 پر مشتمل ہے، اور اس کی آبادی تقریباً 150,000 نفوس پر مشتمل ہے۔ اور یہ شہر کے پرانے تھانوں میں سے ایک ہے۔ اس کے محل وقوع و اس علاقے میں بڑھتی ہوئی آبادی اور کاروباری اداروں کے قیام اور شاہراہ فیصل پر آمدورفت نے اس کی اہمیت اور ذمہ داریوں میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔

حال ہی میں ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے بلوچ کالونی پولیس اسٹیشن کو بھی اس میں ضم کر دیا گیا، جس سے تھانے کے موجودہ وسائل پر بے پناہ بوجھ پڑ گیا ہے جس کا تدارک اشد ضروری ہے۔ آپ کی معلومات اور توجہ کے لئے یہ بتانا بے حد ضروری ہے کہ کراچی شہر کا سب سے بڑا بازار طارق روڈ بھی اسی تھانے کی حدود میں واقع ہے جس میں چھ ہزار سے زائد چھوٹی، بڑی دکانیں ہیں اور جہاں تقریباً ایک لاکھ افراد کی روزانہ آمدورفت ہے، جن میں دکاندار، عملہ اور خریدار شامل ہیں۔ مزید برآں شاہراہ فیصل جو کہ ایک بڑی شاہراہ ہے اس نے بھی ایک بڑے تجارتی مرکز کی حیثیت حاصل کرلی ہے۔ جہاں پر مختلف بینک، ملٹی نیشنل اور ملکی اور غیر ملکی کمپنیوں کے دفاتر قائم ہیں اور جن میں تقریباً پچاس ہزار لوگ اپنے روزگار اور مختلف امور کے سلسلے میں آتے جاتے ہیں۔ نیز اس علاقے میں بہت سی اہم شخصیات کی رہائش گاہیں ہیں۔

آپ کی معلومات کے لئے کمیٹی کے ممبران کے نام اور ٹیلیفون نمبر درج ذیل ہیں۔

مددگار: 15

تھانہ فیروز آباد: 4523222-4542200

## کمیٹی کے ممبران:

1- جناب شہزاد وحید بھوپال، اے۔ ایس۔ پی (ایس۔ ڈی۔ پی۔ او) فیروز آباد
ٹیلی فون نمبر: 4527611

2- جناب خان شاہنواز (ایس۔ ایچ۔ او) فیروز آباد
ٹیلی فون نمبر: 4542200 - 4523222

3- جناب اورنگزیب (ایس۔آئی) انچارج پولیس چوکی لبرٹی چوک۔فون نمبر: 4389190
4- جناب ہمایوں احمد (ایس۔آئی) انچارج پولیس چوکی نرسری مارکیٹ
5- جناب ملک ممتاز اعوان (ایس۔آئی) سیکشن آفیسر ٹریفک، فیروزآباد۔فون نمبر: 4552239
ٹیلی فون نمبر:4552239
6- ڈاکٹر سید رضا علی گردیزی
7- مسز امبر علی بھائی
8- جناب خطیب احمد
9- شیخ رضوان عبداللہ
10- جناب حنیف ستار
ٹیلی فون نمبر:4530646

کسی بھی شکایت کے لئے ان ممبران سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

## جرائم کی اقسام

عموماً فیروزآباد تھانے کی حدود میں جرائم کی شرح نسبتاً کم ہے۔ بہرحال اس علاقے میں ہونے والے جرائم درج ذیل ہیں۔ جن سے احتیاطی تدابیر کے ذریعے باآسانی بچا جاسکتا ہے۔

1- گاڑیوں کی چوری
2- گاڑیوں کا زبردستی چھیننا
3- نقدی، زیورات چھیننا
4- چوری۔
5- ڈکیتی۔

## احتیاطی تدابیر

1- ڈرائیور حضرات کو چاہئے کہ گاڑی کے اندر بیٹھ کر کسی کا انتظار نہ کریں بلکہ گاڑی لاک کر کے کچھ فاصلے پر کھڑے ہو جائیں، تاکہ جرائم پیشہ افراد کو گاڑی چھیننے کا موقع میسر نہ آسکے کیونکہ اس طرح وہ باآسانی نشانہ بن جاتے ہیں۔

2- عام مشاہدہ یہ ہے کہ گھریلو خواتین باہر جاتے وقت غیرضروری زیورات پہن لیتی ہیں، جوکہ جرائم پیشہ افراد کے لئے باعث کشش ہیں اور وہ موقع پاتے ہی چھین لیتے ہیں۔ لہٰذا خواتین کو چاہئے کہ وہ باہر جاتے وقت غیرضروری زیورات پہننے سے گریز کریں۔ نیز خواتین و حضرات اپنے ہمراہ زیادہ رقم نہ رکھیں۔ بینک سے رقم لے کر نکلتے وقت اطمینان کرلیں کہ کوئی شخص آپ کو دیکھ تو نہیں رہا یا پیچھا تو نہیں کر رہا ایسی صورتحال میں پولیس کو مطلع کریں یا ممکنہ طور پر احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے قریب ترین پولیس پوسٹ، گشت پر سپاہی یا ٹریفک پولیس سے رابطہ کریں۔

4- عموماً گھر میں چوریوں کی وجہ گھریلو ملازمین ہوتے ہیں جوکہ بعض اوقات کسی گروہ سے منسلک ہوتے ہیں اور مخبر کا کام سرانجام دیتے ہیں، اس لئے لوگوں کو چاہئے کہ گھریلو ملازمین رکھتے ہوئے ان کے مکمل کوائف حاصل کریں اور ان کا متعلقہ تھانے میں اندراج بھی کرائیں۔ گھر میں مرمت وغیرہ کا کام کرانے کے لئے کسی مستند دکان سے رابطہ کریں تاکہ بوقت ضرورت کام کرنے والے کے بارے میں

## اغراض ومقاصد

1- شہریوں کو اپنے مالکانہ حقوق کا احساس دلانا اور متعلقہ ذمہ داریوں کی تکمیل کرنا۔

2- پولیس اور شہریوں کے درمیان تعاون کا جذبہ پیدا کرنا اور ایک دوستانہ ماحول کی بنیاد رکھنا تا کہ لوگوں کے دلوں سے تھانہ اور پولیس کا خوف دور ہو۔

3- پولیس اور شہریوں کے درمیان باہمی عزت واحترام کا احساس پیدا کرنا تا کہ قانون کی بالادستی قائم ہو سکے اور لوگوں کے جان و مال کی حفاظت کا مؤثر نظام قائم ہو سکے۔

4- پولیس اور شہریوں کے درمیان مستقل رابطہ اور اشتراکی عمل کی ابتداء کرنا تا کہ باہمی اعتماد کی فضاء قائم ہو سکے۔

معلومات ہو سکیں۔ گھروں کی کھڑکیاں اور دروازے بند رکھیں اور باہر جاتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں۔ عام طور پر دفتری اوقات میں خواتین گھر پر اکیلی ہوتی ہیں اور اس دوران اکثر لوگ مختلف کمپنیوں کے نمائندے بن کر اشیاء فروخت کرنے کے بہانے آتے ہیں اور گھنٹی بجاتے ہیں۔ گھریلو خواتین کو چاہئے کہ وہ ہرگز دروازہ نہ کھولیں اور کسی قسم کا لین دین نہ کریں۔ بجلی یا گیس کے میٹر وغیرہ چیک کرنے والوں کو بھی پڑتال کے بعد گھر میں داخل ہونے کی اجازت دیں۔

-5 پڑوسیوں کو باہمی رابطے بڑھانے چاہئیں اور علاقے میں آنے جانے والوں پر نظر رکھنی چاہئے جس سے جرائم پیشہ افراد کی حوصلہ شکنی ہوگی۔

مندرجہ گزارشات پر عمل کرنے سے اپنی مدد آپ کے تحت حفاظت ممکن ہے بہرحال فیروزہ آباد تھانے کا مستعد عملہ آپ کی حفاظت اور خدمت کے لئے ہر وقت تیار ہے۔

### پولیس اسٹیشن

ایک پولیس اسٹیشن ریاست کے انتظامی شعبے کی سب سے چھوٹی اکائی ہے جو بنیادی اہمیت کی حامل ہے، جس کے ذریعے حکومتی احکامات، قانون رائج الوقت کی تعمیل عوام الناس پر کرائی جاتی ہے، تا کہ امن وامان برقرار رہے اور معاشرہ میں کسی قسم کا انتشار پیدا نہ ہو۔ ایک پولیس اسٹیشن کا انچارج انسپکٹر یا سب انسپکٹر ہوتا ہے جو ایس۔ ایچ۔ او کہلاتا ہے۔

### ایس۔ ایچ۔ او

ایس۔ ایچ۔ او کے ذمے مقامی پولیس کی عمدہ کارکردگی، انتظام، نظم وضبط، حفظ وامن وامان، انسداد و سراغ رسانی جرائم ہے جو پولیس کے اولین فرائض منصبی کہلاتے ہیں۔ تمام واجب الذمہ فرائض کی بہتر بجا آوری کے لئے ایس۔ ایچ۔ او کے کمانڈ میں مندرجہ ذیل پانچ ونگ کام کرتے ہیں اور ہر ونگ ایس۔ ایچ۔ او سے ہدایات لیتا ہے

# فیروز آباد پولیس اسٹیشن




## 1- پریوینٹو ونگ (Preventive Wing)

فیروز آباد پولیس اسٹیشن کو تین چھوٹے یونٹس میں تقسیم کیا گیا ہے جسے پولیس چوکی کہتے ہیں۔ یہ چوکیاں (1) طارق روڈ لبرٹی چوکی۔ (2) شاہراہ فیصل نرسری چوکی۔ (3) ماڈل اسکول چوکی۔ ہر پولیس چوکی کا انچارج ایک سب انسپکٹر ہے جس کے ماتحت عملہ ہوتا ہے۔ یہ شعبہ 24 گھنٹے سروس فراہم کرتا ہے۔

## 2- تفتیشی ونگ (Investigation Wing)

یہ شعبہ 24 گھنٹے مقدمات کی تفتیش کے لئے موجود ہوتا ہے، جیسے ہی پولیس اسٹیشن میں کوئی ایف آئی آر درج ہوتی ہے تحقیقاتی عملہ فوراً تفتیش شروع کرتا ہے۔

## 3- پبلک ریلیشنگ آفیسر ونگ (PRO-Wing)

یہ شعبہ 24 گھنٹے شفٹ ڈیوٹی میں تھانہ کے استقبالیہ پر باوردی موجود ہوتا ہے۔ پولیس اسٹیشن پر ہر آنے والے کی رہنمائی کے ساتھ ہر قسم کی رپورٹ اور FIR درج کرتا ہے اور تفتیش کے لئے تحقیقاتی و تفتیشی اسٹاف کے سپرد کرتا ہے۔ اس عہدیدار کو عام طور پر ڈیوٹی آفیسر کہا جاتا ہے۔

## 4- سراغ رسانی ونگ (Intelligence Wing)

اس شعبہ میں ایک سب انسپکٹر یا اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور اس کے ساتھ ایک یا دو ماتحت عملہ تعینات ہوتے ہیں جو سادہ کپڑوں میں عوام کے درمیان موجود ہوتے ہیں اور ان تمام اطلاعات کو قبل از وقت حاصل کرتے ہیں جو امن وامان کو خراب کرنے کا باعث بنتے ہیں۔

## 5- ایڈمن آفیسر (Admin Officer)


اس شعبہ کا انچارج ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر (A.S.I) ہوتا ہے جو ہیڈ محرر کہلاتا ہے۔ یہ افسر اکثر و بیشتر انچارج تھانہ کے فرائض بھی انجام دیتا ہے۔

اس معلوماتی کتابچہ کی تیاری میں ہم سب انسپکٹر جناب اورنگزیب، انچارج پولیس چوکی لبرٹی چوک اور سب انسپکٹر جناب ہمایوں احمد، انچارج پولیس چوکی نرسری مارکیٹ کے تعاون کے ممنون ہیں۔

# JAMSHED TOWN

## FEROZABAD POLICE STATION JURISDICTION

TOTAL AREA 1077 ACRES TOTAL POPULATION 1,50,000 APPROX.




1. BALTI PARA (KA) 1/2 ACRES 150 HOUSES
2. PECHS BLOCK
   I, II, III, IV, V, VI 957.0 ACRES
3. SINDHI MUSLIM COOPERATIVE HOUSING SOCIETY
   BLOCK A 48.0 ACRES
   BLOCK B 46.0 ACRES
4. GULISTAN-E-ZAFAR 8.5 ACRES
5. UMAR COLONY (KA) 17.0 ACRES

**TOTAL 1077.0 ACRES**

- TRAFFIC POLICE CHOWKI
- NURSERY POLICE CHOWKI
- MODEL SCHOOL POLICE CHOWKI
- TARIQ ROAD TRAFFIC CHOWKI
- ★ FEROZABAD TRAFFIC CHOWKI
- ▲ FEROZABAD POLICE STATION

| MANPOWER | POSTED |
|---|---|
| 10 SUB INSPECTORS | 11 SUB INSPECTORS |
| 25 ASSISTANT SUB INSPECTORS | 22 ASSISTANT SUB INSPECTORS |
| 30 HEAD CONSTABLES | 47 HEAD CONSTABLES |
| 145 POLICE CONSTABLES | 112 POLICE CONSTABLES |
| | |
| 1 LADY POLICE CONSTABLE | |
| | |
| **RESOURCES** | |
| | |
| **SANCTIONED** | **RUNNING CONDITION / AVAILABLE** |
| MOBILE VANS 06 | 02 |
| MOTORCYCLES 16 | 05 |

TOWN BOUNDARY ————
UC BOUNDARY — · — · —
K. A. KATCHI ABADI